سوال

(198)زبان کے ساتھ نماز کی نیت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

احناف کے نزدیک نماز کی نیت زبان سے فرض ہے یا غیر فرض ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ احناف سے پوچھیں ، ہمیں تو اتنا معلوم ہے کہ زبان سے نیت کرنا نہ لغت ہے نہ شریعت ۔ کیونکہ نیت کی تعریف کی گئی ہے ۔
الارادۃ المتوجھۃ نحو الفعل لا بتغاء مرضاۃ اللہ وامتثال حکمہ (فتح الباری)
''اللہ کے حکم پر عمل کرنے کے لیے اور اس کی رضا تلاش کرنے کے لیے کسی کام کی طرف توجہ کا مرکوز ہونا''
اور معلوم ہے کہ ارادہ دل کے ساتھ ہوتا ہے نہ کہ زبان کے ساتھ ۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02

محدث فتویٰ